**30/06/2026**

**09.25 AM (5 min)**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**خبروں کا بلیٹن لیکر میں ....عمر مختار**

**یاترا جائزہ**

**شری امر ناتھ جی یاترا کے آغاز کو مد نظر رکھتے ہوئے آج یاترا کے دونوں راستونپریاترا کانوائے کا ڈرائی رن منعقد کیاجا رہا ہے ۔ ہمارے نمائندے خورشید پڈرو نے خبر دی ہے کہ اس مقصد کیلئے سرینگر جموں قومی شاہراہ کے سرینگر -بانہال سٹریچ پر صبح8بجے سے 11بجے تک ٹریفک کی آمد رفت بند رہے گی ۔**

**اس دوران یاتر اکے آغاز سے پہلے ایک اہم پیشرفت کے طور شاہراہ پر پنتھیال کو ڈگڈول سے جوڑنے والی ساڑھے تین کلو میٹر لمبی ٹنل کو ٹریفک کیلئے کھول دیا گیا ہے ۔**

**ایل جی**

**دریں اثنا لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کل شری امر ناتھ جی گپھا پر حاضری دے کر وہاں پرتھم پوجا میں شرکت کی ۔ اس طرح رواں برس کی یاتر اکا رسمی طور آغاز کیا ۔میڈیا نمائندوں سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا ۔**

**...........LG.......**

**عمر عبداللہ**

**سرینگر میں بائر سیلر میٹ2026کا افتتاح کیا۔ انہوں نے کہا کہ جموں کشمیر میں SKICC وزیر اعلی عمر عبداللہ نے کل مختلف اشیاءکی برآمدات کے کافی وسائل موجود ہیں، جنہیں بروئے کار لانے سے یہاں کے معاشی ڈھانچے کو دوام حاصل ہوگا۔وزیر اعلیٰ نے وہاں لگائے گئے سٹالوں کا بھی معائینہ کیا ۔**

**براؤن شوگر**

**پولیس نے منشیات کے کاروبار کے خلاف ایک بڑی کارروائی کرتے ہوئے اننت ناگ میں 20کروڑ روپے مالیت کا براؤن شوگر ضبط کیا ہے ۔ اننت ناگ کے ہمارے نمائندے تصدق رشید نے پولیس حکام کا حوالہ دیکر خبر دی ہے کہ ضلع کے بالمولہ علاقے میں ایک تلاشی کارروائی کے دوران وہاں سے گُزر رہی ایک گاڑی سے تقریبا اڑھائی کلوبراؤن شوگر ضبط کیا گیا ۔ جس کی مالیت 20کروڑ روپے بتائی گئی ہے ۔ پولیس نے گاڑی کے ڈرائیورٹنگڈار کپواڑہ کے رہنے والے اشتیاق احمد مغل کو گرفتار کیا ہے ۔**

**سکینہ**

**صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے کل وگیان بھون نئی دلی میں سینٹرل کونسل آف ہیلتھ اینڈ فیلی ویلفیئر کی16ویں کانفرنس میں شرکت کی ۔وزیر موصوفہ نے نیشنل ہیلتھ مشن ورکروں اور آشا ورکروں کے مشاہرے میں اضافے کا مطالبہ کیا۔ انہوننے ایمز اونتی پورہ کی جلد از جلد تکمیل کو یقینی بنانے کی مانگ کرتے ہوئے صحت شعبے سے جڑے دیگر کئی معاملات مرکزی وزیر صحت جگت پرکاش نڈا کی نوٹس میںلائے ۔**

**راتھر**

**قانون ساز اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر نے غیر معروف سیاحتی مقامات کو عالمی سیاحتی نقشے پر لانے کی خاطر مناسب اقدامات کرنے کی ضرور ت پر زور دیاہے ۔ محکمہ سیاحت کے افسران کی ایک میٹنگ میں انہوں نے یوسمرگ کو مزید ترقی دینے کیلئے عملائے جا رہے منصوبہ کی پیشرفت کا جائزہ لیا۔ میٹنگ میں نل ناگ کے ترقیاتی منصوبے کا بھی جائزہ لیا گیا ۔**

**مندیپ کور**

**مکانات و شہری ترقی محکمے کی کمشنر سیکرٹری، مندیپ کور نے جموں میں آر ایس پورہ بلاک کے سرحدی دیہات عبدلیاں اور بڈیال براہمنا کا دورہ کرکے وائبرنٹ ولیجز پروگرام کے تحت جاری کاموں اور منصوبوں کی عمل آوری کا جائزہ لیا۔**

**پروگرام کے تحت بڈیال براہمنا کے لیے تقریباً 6 کروڑ روپے جبکہ عبدلیاں کے لیے تقریباً 2 کروڑ 50 لاکھ روپے کے منصوبے مرتب کیے گئے ہیں۔ایم ایل اے سچیت گڑھ، پروفیسر گھورو رام بھگت اور مختلف محکموں کے افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔**

**ٹیم دورہ**

**صنعت و داخلی تجارت کے فروغ کے محکمہ کی ایک ٹیم نے کولگام ضلعے کا دورہ کیا اور ون ڈسٹرکٹ ون پروڈکٹ سکیم کے تحت لہسن کو منتخب مصنوعات کے طور پر شامل کیے جانے کے سلسلے میں زمینی سطح پر تصدیق اور متعلقہ دستاویزات کا معائنہ کیا۔**

**ٹیم کی قیادت محکمہ کے ڈپٹی سیکرٹری پنکج کمار کر رہے تھے۔ٹیم نے جبلی پورہ منڈی کا بھی معائنہ کیا۔ اس دوران زرعی پیداوار کی مارکیٹنگ، فروخت اور اس سے متعلق درپیش مسائل و امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔**

**کشمیر یونیورسٹی**

**اعلیٰ تعلیم میں ڈیجیٹل تبدیلی کو فروغ دینے کے لئے کشمیر یونیورسٹی نے انٹیل کے اشتراک سے ”اے آئی کے لیے تیار اداروں کی تشکیل“ کے موضوع پر تعلیم دانوں کے لیے دو روزہ ورکشاپ کا انعقاد کیا۔**

**اس کا بنیادی مقصد تعلیمی اداروں کو مصنوعی ذہانت پر مبنی مستقبل کے تقاضوں سے ہم آہنگ اور اس کے لیے تیار کرنا ہے۔**

**CUK**

**سنٹرل یونیورسٹی آف کشمیر کے راج بھاشا شعبے کے اہتمام سے یونیورسٹی کے تولہ مولہ کیمپس میں انتظامی عملے کے لیے ”راج بھاشا کی ترقی میں انفارمیشن ٹیکنالوجی کا رول“ کے موضوع پر ایک روزہ ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔**

**ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے یونیورسٹی کے انچارج رجسٹرار پروفیسر ڈی کے مدان نے راج بھاشا کے فروغ کے لیے یونیورسٹی کی مسلسل کوششوں کو سراہا اور وائس چانسلر پروفیسر اے رویندر ناتھ کی قیادت میں اس میدان میں حاصل کی گئی نمایاں پیش رفت کی تعریف کی۔**

**درجہ حرارت**

**سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 22 اعشاریہ 5 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 28 اعشاریہ 3 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔**

**اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔**

**خدا حافظ**